نمبر ۹ جلد ۴۰

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ رمضان المبارک سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۲۷ فروری سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	وصیت ٹھیکہ مرغ آبیان۔	۱
۲	اضافہ ہیڈ ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول۔	۱
۳	رخصت نائب مدرس مرغابیان۔	۲
۴	″ منشی سید شاہ علی	″
۵	″ منشی سوہن لال کلرک	″
۶	″ منشی گوبند پرشاد۔	″

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم مورخہ ۵ فروری ۱۹۲۸ء

بموجب رپورٹ ٹھیکہ مرغ آبیان مصارف باورچیخانہ جات من ابتداء اکتوبر ۱۹۲۷ء لغایت اکتوبر ۱۹۲۸ء واجب یکسال بنام ننھے خان بحساب فی پرندہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی ضابطہ واپس ہوں۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

کاغذات بنابر اجراء احکام صدر کو بھیجے جائیں اور نقل حکم ہذا صدر بخدمت جناب کنٹرولر صاحب ہاؤس ہولڈ مرسل ہو۔ ۱۰ فروری ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۹ فروری ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ تنخواہ مبلغ پانچ روپیہ ماہانہ سید حسن جعفر ہیڈ ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول مشاہرہ دار پچاس روپیہ بربنائے سفارش ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول

حکم

بموجب رپورٹ پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ سید حسن جعفر ہیڈ ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول کی تنخواہ موجودہ پچاس روپیہ ماہوار میں منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ فروری ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر درباب منظوری رخصت ۱۵ یوم منشی عبدالعزیز خان نائب مدرس دوم پٹواریان بدیں وجہ کہ مدرس اول بضرورت بیگی از ۱۵ فروری سنہ حال لغایتہ یکم مارچ ۱۹۲۸ء۔

حکم

رخصت مطلوبہ پندرہ یوم نائب مدرس پٹواریان حسب رپورٹ صاحب اسسٹنٹ ذیل منظور ہے۔ بخدمت صاحب موصوف واپس ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ فروری ۱۹۲۸ء

ماسٹر سید شاہد علی ملازم ہائی اسکول تنخواہ دار پچیس روپیہ ماہوار کی رخصت رعایتی یکم مارچ ۱۹۲۸ء سے ۱۵ اپریل ۱۹۲۸ء منظور کی گئی۔ ایام رخصت ماسٹر شاہد علی میں فراست حسین خان انٹرنس پاس مدرس اول مدرسہ نالہ پار تنخواہ دار [illegible] ماہوار خزانہ سے دس روپیہ ماہوار ہائی اسکول میں تبدیل کیا گیا۔ فراست حسین خان کو تنخواہ ہائی اسکول سے ملیگی۔ مدرسہ نالہ پار میں فراست حسین خان کی جگہ کے لئے انسپکٹر صاحب مدارس انتظام کر کے رپورٹ پیش کرینگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ملکی سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ فروری ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ میونسپل افسر صاحب درباره منظوری رخصت نو یوم منموہن لال کلرک برائے شرکت شادی برادر بمقام متھرا۔

حکم

رخصت نو یوم منشی منموہن لال کلرک بعوض داری سید معین الدین امیدوار منجملہ ابتدائے ۱۰ لغایتہ ۱۹ فروری ۱۹۲۸ء منظور ہوئی۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ملکی سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ فروری ۱۹۲۸ء

مثل تجویز میونسپل افسر صاحب درباره منظوری رخصت نو یوم منشی گوبند پرشاد اکاؤنٹنٹ کلرک میونسپلٹی منجملہ ابتدا ۲۰ فروری سنہ حال بضرورت شادی پسر نابرده۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب میونسپل افسر رخصت رعایتی نو یوم منشی گوبند پرشاد اکاؤنٹنٹ میونسپلٹی منجملہ ابتدا ۲۰ فروری سنہ حال لغایتہ ۲۸ فروری ۱۹۲۸ء بعوض داری منشی شرافت علیخان صاحب بیگار باجلاس منظور ہوئی۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ملکی سکریٹری بہادر

سرکاری پریس مصطفیٰ آباد عرف رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور - ہفتہ چہارم - ماہ فروری ۱۹۲۹ء

نام جنس	قصور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	[illegible]		[illegible]	۰	۰	۰	
نخود گندم آمیز	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	۰	
گنہ	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	۰	
ماش	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	۰	
مونگ	[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	
مکا	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	۰	
جئی	[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	
گوجئی	[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	
عدس	[illegible]		۰	۰	۰	۰	
ارہر	[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	
برنج	[illegible]		[illegible]	۰	۰	۰	
روغن زرد	[illegible] چھٹانک	۰	[illegible] چھٹانک	۰	۰	۰	
روغن سیاہ	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	۰	
روغن کنجد	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	۰	
نمک لاہوری	[illegible]		[illegible]	۰	۰	۰	
قند سیاہ	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	۰	
باجرہ	[illegible]		[illegible]	۰	۰	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور